حکومتِ کرناٹک


محکمۂ اسکول ایجوکیشن

ضلعی اِدارہ برائے تعلیم وتربیت شیموگہ

LESSON BASED ASSESSMENT - QUESTION BANK

2025-26

10



سبق پر مبنی تشخیص - خزینۂ سوالات

علمِ ریاضی

URDU MEDIUM

جماعت دہم

ریاستی محکمہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت

بن شنکری تھرڈ اسٹیج، بنگلورو – 560085

Concept and Guidance

Smt. Rashmi Mahesh, IAS

Principal Secretary Govt. of Karnataka

Department of School Education and Literacy

Dr. K.V. Thrilok Chandra

Commissioner
Department of School Education
Bengalooru

Shri Gopala Krishna H.N.

Director
D.S.E.R.T Bengalooru

Programme Management

Shri KrishnaMurthy H R

DDPI(Development) and
Principal DIET Shivamogga

Smt. Shashikala B.H

Senior Lecturer and District
Nodal Officer DIET Shivamogga

Co Ordination

Smt.Radha P.

Senior Assistant Director
DSERT Bengalooru

Co ordination

Shri Uma Mahesh

Lecturer DIET, Shivamogga

Translation Committee Members

Smt. Jabeen Fathima

Assistant Mistrss
Government High School Kadekal
Shimoga TalukShimoga District

Shri Tanveer Ahmed

Assistant Master
Government Urdu High School Harnahalli
Shimoga Taluk Shimoga District

DTP

Shri Moinuddin Chikkerur

Assistant Master
Government Urdu High School Chikkajambur
Shikaripur Taluk Shimoga District

فہرست ابواب

اکائی 1: حقیقی اعداد

آموزشی نکات

☆ مفرد اعداد، مخلوط اعداد اور حساب کا بنیادی مسئلہ

☆ اعداد کا عاد اعظم (HCF) اور ذو اضعاف اقل (LCM)

☆ دو اعداد اور ان کے HCF اور LCM کے درمیان تعلق

☆ غیر ناطق کے لئے ثبوت

جملہ سوالات	آسان	اوسط	مشکل
63	28	30	5

I۔ مندرجہ ذیل میں ہر سوال/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کیلئے چار متبادلات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین متبادل کا انتخاب کیجئے اور (انگریزی) حروف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھئے (1 Mark)

1) $\sqrt{2}$ ہے (آسان)

(A)۔ ناطق عدد (B)۔ غیر ناطق عدد (C)۔ صحیح عدد (D)۔ فطری عدد

2) $5-\sqrt{3}$ ہے (آسان)

(A)۔ غیر ناطق عدد (B)۔ ناطق عدد (C)۔ مخلوط عدد (D)۔ مفرد عدد

3) ذیل میں ناطق عدد ہے (آسان)

(A)۔ 5 (B)۔ π (C)۔ $\sqrt{3}$ (D)۔ $3\sqrt{3}$

4) ذیل میں کونسا عدد غیر ناطق نہیں ہے؟ (آسان)

(A)۔ $\sqrt{2}$ (B)۔ $\sqrt{3}$ (C)۔ $\sqrt{9}$ (D)۔ $\sqrt{5}$

5) ذیل میں ناطق عدد ہے (آسان MQP 2025)

(A)۔ $\sqrt{3}$ (B)۔ $\sqrt{4}$ (C)۔ $\sqrt{5}$ (D)۔ $\sqrt{7}$

6) π ہے (آسان)

(A)۔ غیر ناطق عدد (B)۔ ناطق عدد (C)۔ مفرد عدد (D)۔ مخلوط عدد

7) $7 \times 11 \times 13 + 13$ ہے (آسان August 2024)

(A)۔ مفرد عدد　(B)۔ مخلوط عدد　(C)۔ غیر ناطق عدد　(D)۔ طاق عدد

(آسان SLP-2024)

8) 91 کے مفرد اجزائے ضربی

(A)۔ 2 x 13 x 7　(B)۔ 13 x 7　(C)۔ 91 x 1　(D)۔ 13 x 7 x 1

9) 1 اور 10 کے درمیان مفرد اعداد کی تعداد　(آسان)

(A)۔ 2　(B)۔ 3　(C)۔ 4　(D)۔ 12

10) مخلوط عدد کو اس کے حاصل ضرب کی صورت میں ظاہر کیا جاتا ہے　(اوسط)

(A)۔ جفت اعداد　(B)۔ طاق اعداد　(C)۔ مفرد اعداد　(D)۔ مربع اعداد

11) 120 کے مفرد اجزائے ضربی　(آسان MQP-2019)

(A)۔ $2^3 \times 3^2 \times 5^1$　(B)۔ $2^2 \times 3^1 \times 5^1$　(C)۔ $2^3 \times 3^1 \times 5^2$　(D)۔ $2^3 \times 3^1 \times 5^1$

12) 30 کے مفرد اجزائے ضربی　(آسان)

(A)۔ 2،3،5　(B)۔ 5, 3　(C)۔ 15 ، 2　(D)۔ 6 ، 5

13) 2 اور 3 کا ذو ضعاف اقل (LCM)　(آسان)

(A)۔ 2　(B)۔ 3　(C)۔ 5　(D)۔ 6

14) 3 اور 5 کا عاد اعظم (HCF) ہے　(آسان SLP-2023)

(A)۔ 1　(B)۔ 3　(C)۔ 5　(D)۔ 15

15) دو متواتر فطری اعداد کا عاد اعظم (HCF) ہے　(آسان)

(A)۔ 0　(B)۔ 1　(C)۔ 2　(D)۔ 3

16) دو مفرد اعداد کا عاد اعظم (HCF) ہے　(آسان June 2023)

(A)۔ 0　(B)۔ 2　(C)۔ 1　(D)۔ -1

17) اگر a اور b دو باہم مفرد اعداد ہیں تو ان کا عاد اعظم (HCF) ہے　(آسان)

(A)۔ 0　(B)۔ a x b　(C)۔ 1　(D)۔ a + b

18) سب سے چھوٹا مخلوط عدد اور سب سے چھوٹا مفرد عدد کا HCF ہے۔　(اوسط September 2020)

(A)۔ 4　(B)۔ 2　(C)۔ 1　(D)۔ 8

19) کوئی دو مثبت صحیح اعداد a اور b کیلئے HCF(a,b)x LCM(a, b) مساوی ہے۔ (آسان April 2019)

(A)۔ a + b　(B)۔ a - b　(C)۔ a x b　(D)۔ $a \div b$

20) (2, 15) کا HCF 3 ہے (12, 15) کا LCM ہے۔ (اوسط)

(A)۔ 60　(B)۔ 45　(C)۔ 36　(D)۔ 90

21) $5^2 x 2$ اور $2^5 x 5^1$ کا HCF ہے (آسان MQP-1 : 2024)

(A)۔ 2 x 5　(B)۔ 2^5 x 5　(C)۔ $5^2 x 2^6$　(D)۔ $2^2 x 5^2$

22) اگر $a = x^3y^2$ اور $b = xy^3$ ہے۔ جہاں a اور b مثبت صحیح اعداد اور x اور y مفرد اعداد ہیں تو HCF(a, b) ہے۔

(اوسط)

(A)۔ xy　(B)۔ xy^2　(C)۔ x^3y^3　(D)۔ x^2y^2

23) a اور 18 کا LCM، 36 اور HCF، 2 ہو تو "a" کی قدر ہے۔ (اوسط)

(A)۔ 2　(B)۔ 3　(C)۔ 4　(D)۔ 1

24) اگر p اور q باہم مفرد اعداد ہیں تو p^2 اور q^2 کا HCF ہے (آسان)

(A)۔ pq　(B)۔ 1　(C)۔ p + q　(D)۔ p^2q^2

25) اگر $180 = 2^x x 3^2 x 5$ ہے تو x کی قدر ہے (مشکل SLP 2020)

(A)۔ 1　(B)۔ 2　(C)۔ 3　(D)۔ 4

26) دو اعداد 15 اور 20 کا عاد اعظم (HCF) اور ذو ضعاف اقل (LCM) کا حاصل ضرب ہے (اوسط April 2024)

(A)۔ 15　(B)۔ 20　(C)۔ 300　(D)۔ 35

27) "a" ایک طاق عدد اور "b"، 3 سے تقسیم پذیر عدد ہے۔ اگر a اور b کا LCM، "P" ہو تو 3a اور 2b کا LCM ہے۔ (مشکل)

(A)۔ p^2　(B)۔ 5p　(C)۔ 6p　(D)۔ 3p

28) اگر دو اعداد "a" اور "b"، کا HCF اور LCM، بالترتیب 5 اور 200 ہے ہو تو "a" اور "b" کا حاصل ضرب ہے

(اوسط)

(A)۔ 205　(B)۔ 1000　(C)۔ 200　(D)۔ 195

II۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے [1 Mark]

29) 140 کو مفرد اعداد کے حاصل ضرب کی صورت میں لکھئے۔ (آسان)

30) حساب کا بنیادی مسئلہ بیان کیجے۔ (آسان MQP 2024)

31) اگر 24 اور 36 کا HCF، 12 ہو تو ان کا LCM معلوم کیجئے (آسان)

32) 96 کو مفرد اعداد کے حاصل ضرب کی صورت میں لکھئے۔ (آسان June 2019)


33) 156 کو مفرد اعداد کے حاصل ضرب کی صورت میں لکھئے۔ (آسان)

34) اگر $200 = 2^m x\ 5^n$ ہو تو m اور n کی قدر معلوم کیجئے (مشکل April 2024)

35) اس سلاخ کی لمبائی معلوم کیجئے جس سے 24m اور 36m لمبے سلاخوں کی لمبائی ناپی جاسکے۔ (اوسط)

36) وہ عدد لکھئے جس کے مفرد اجزائے ضربی صرف 7 اور 3 ہوں۔ (اوسط)

37) دیئے گئے اجزائے ضربی کے درخت کا مشاہدہ کیجئے اور x اور y کی قدر معلوم کیجئے۔ (اوسط)



III۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے [2 Marks]

38) اگر (306،657) کا HCF، 9 ہو تو (306،657) کا LCM معلوم کیجئے (آسان)

39) تشریح کیجئے کہ 7 x 11 x 13 + 13 ایک مرکب عدد ہے۔ (اوسط)

40) اگر (91،26) کا LCM، 182 ہو تو (91،26) کا HCF معلوم کیجئے (آسان)

41) مخلوط عدد کیا ہے؟ 23 اور 24 میں کونسا مخلوط عدد ہے ؟ (آسان MQP 2024)

42) وہ اعلیٰ ترین عدد معلوم کیجئے جو 438 اور 606 کو بغیر باقی تقسیم کرتا ہے۔ (اوسط MTE 2024)

43) ثابت کیجئے کہ $5 + \sqrt{3}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط MQP 2024)

44) ثابت کیجئے کہ $7 - \sqrt{5}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط)

45) ثابت کیجئے کہ $2 + \sqrt{5}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط April 2018)

46) ثابت کیجئے کہ $6+\sqrt{2}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط June 2025)

47) ثابت کیجئے کہ $5 - \sqrt{3}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط)

48) ثابت کیجئے کہ $3+2\sqrt{5}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط)

49) ثابت کیجئے کہ $4 - 2\sqrt{3}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط)

50) کھیل کے ایک میدان کے چاروں طرف ایک دائری راستہ ہے۔A میدان کا ایک چکر لگانے میں 18 منٹ لیتا ہے، جبکہ B ایک چکر لگانے میں 24 منٹ لیتا ہے۔فرض کیجئے کہ دونوں ایک مقام سے ایک ہی سمت میں ایک وقت چلنا شروع کرتے ہیں تو کتنے منٹ بعد وہ دونوں ابتدائی مقام پر دوبارہ ملیں گے۔ (اوسط)

51) حساب کے بنیادی مسئلہ کے مطابق سے اگر $x^y z = 40$ ہوتو x، y، اور z کی قدر معلوم کیجئے (اوسط)

52) ایک مستطیل نما میدان کی لمبائی اور چوڑائی بالترتیب 147m اور 56m ہے۔ سلاخ کی اعلیٰ ترین لمبائی معلوم کیجئے جس سے کمرہ کی لمبائی اور چوڑائی کی ٹھیک سے پیمائش ہوسکے۔کمرہ کی لمبائی ناپنے کیلئے اس سلاخ کا کتنی مرتبہ استعمال کرنا ہوگا۔
(اوسط May 2025)

53) ایک حلوائی کے پاس 420 کاجو کی برفی اور 130 بادام کی برفی ہے۔وہ برفی کی قطاروں میں اس طرح لگانا چاہتی ہے کہ ہر قطار میں برفی کی تعداد یکساں ہو اور ٹرے (طبق) کا کم سے کم رقبہ استعمال ہو۔اس مقصد کیلئے ہر قطار میں کتنی برفیاں ہوں گی۔ (اوسط)

IV۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے [3 Marks]

54) ثابت کیجئے کہ $\sqrt{2}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط)

55) ثابت کیجئے کہ $\sqrt{3}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط September 2020)

56) ثابت کیجئے کہ $\sqrt{5}$ غیر ناطق ہے۔ (اوسط June 2020)

57) مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے دو صحیح اعداد 510 اور 92 کا HCF اور LCM معلوم کیجئے اور تصدیق کیجئے کہ
دو اعداد کا حاصل ضرب= HCF x LCM (اوسط SLP 2024)

58) مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے دو صحیح اعداد 336 اور 54 کا HCF اور LCM معلوم کیجئے اور تصدیق کیجئے کہ
دو اعداد کا حاصل ضرب= HCF x LCM (اوسط SLP 2024)

59) مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے دو صحیح اعداد 26 اور 91 کا HCF اور LCM معلوم کیجئے اور تصدیق کیجئے کہ دو صحیح اعداد کا حاصل ضرب= HCF x LCM (اوسط)

60) مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے 75 اور 135 کا HCF معلوم کیجئے اور (HCF(135, 75 اور 20 کا LCM (ذواضعاف اقل) معلوم کیجئے (مشکل SLP 2020)

61) مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے 12، 15 اور 21 کا HCF اور LCM معلوم کیجئے (اوسط)

62) مفرد اجزائے ضربی کے طریقے سے 6، 72 اور 120 کا HCF اور LCM معلوم کیجئے (اوسط)

63) ایک پریڈ میں 616 افراد کی فوج کے ایک دستے کو 32 افراد کے ایک فوجی بینڈ کے پیچھے چلنا ہے۔ دونوں گروپوں کو ستونوں کی یکساں تعداد میں مارچ کرنا ہے۔ ستونوں کی وہ اعلیٰ ترین تعداد معلوم کیجئے جس میں مارچ کر سکتے ہیں۔ ہر ایک گروہ کے صفوں کی تعداد بھی معلوم کیجئے۔ (مشکل)

اکائی 2: کثیر رکنیاں

آموزشی نکات

☆ کثیر رکنی کا درجہ

☆ کثیر رکنی کے اقسام

☆ کثیر رکنی کا صفر

☆ کثیر رکنی کے صفر کا جیومیٹریائی مفہوم

☆ کثیر رکنی کے صفر اور ان کے ضربیوں کے درمیان تعلق

☆ کثیر رکنی کے صفر دیئے جانے پر کثیر رکنی کی تشکیل

جملہ سوالات	آسان	اوسط	مشکل
56	33	10	13

I۔ مندرجہ ذیل میں ہر سوال/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کیلئے چار متبادلات دیئے گئے ہیں ۔موزوں ترین متبادل کا انتخاب کیجئے اور (انگریزی) حروف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھئے (1 Mark)

1) کثیر رکنی $p(x) = x^2 - 3x + 4x^3 - 6$ کا درجہ ہے ۔ (آسان MQP 2018)

(A)۔ 2 (B)۔ 1 (C)۔ 3 (D)۔ 6

2) خطی کثیر رکنی کا درجہ (آسان MQP 2019)

(A)۔ 0 (B)۔ 1 (C)۔ 2 (D)۔ 3

3) کثیر رکنی $p(x) = 2x^3 + 3x - 11 + 6$ کا درجہ ہے ۔ (آسان)

(A)۔ 2 (B)۔ 6 (C)۔ 3 (D)۔ 4

4) مربعی کثیر رکنی کا درجہ (آسان)

(A)۔ 4 (B)۔ 1 (C)۔ 3 (D)۔ 2

5) مکعبی کثیر رکنی کا درجہ (آسان March 2020)

(A)۔ 4 (B)۔ 1 (C)۔ 3 (D)۔ 2

6) ایک مربعی کثیر رکنی کے زیادہ سے زیادہ صفروں کی تعداد (آسان SLP 2024)

(A)۔ 4 (B)۔ 1 (C)۔ 2 (D)۔ 3


7) مربعی کثیر رکنی $f(x) = x^2 - 9x + 20$ میں $f(0)$ کی قدر ۔ (آسان)

(A)۔ 20 (B)۔ 11 (C)۔ -20 (D)۔ 9

8) کثیر رکنی $p(x) = x^2 - 1$ میں $p(2)$ کی قدر ۔ (آسان)


(A)۔ 2 (B)۔ 3 (C)۔ 0 (D)۔ 1

9) دیئے گئے گراف $y = p(x)$ میں صفروں کی تعداد ہے (آسان June 2019)




(A)۔ 4 (B)۔ 3 (C)۔ 2 (D)۔ 7

10) دیئے گئے گراف $y = p(x)$ میں صفروں کی تعداد بتائیے (آسان)



(A)۔ 4 (B)۔ 2 (C)۔ 3 (D)۔ 1

11) دیئے گئے گراف $y = p(x)$ میں صفروں کی تعداد بتائیے (آسان)




(A)۔ 3 (B)۔ 5 (C)۔ 4 (D)۔ 2

12) مربعی کثیر رکنی جس کے صفروں کا حاصل جمع اور حاصل ضرب بالترتیب 2- اور 8 ہے ہو تو (مشکل SLP 2019)

(A)۔ $x^2 + 2x + 8$ (B)۔ $x^2 - 2x - 8$


(C)۔ $x^2 + 2x - 8$ (D)۔ $x^2 - 2x + 8$

13) دیئے گئے گراف $y = p(x)$ میں صفروں کی تعداد ہے (آسان)



(A)۔ 1   (B)۔3   (C)۔ 2   (D)۔ 4

14) دیئے گئے گراف $y = p(x)$ میں گراف کے صفر ہیں   (آسان)



(A)۔ 1 اور -4   (B)۔ -3 اور -4   (C)۔ -2 اور -4   (D)۔ -1 اور -4

15) اگر α اور β دو درجی کثیر رکنی $p(x) = ax^2 + bx + c$ کے صفر ہوں تو $\alpha \times \beta$ کی قدر ہے۔ (آسان April 2024)

(A)۔ $\frac{b}{a}$ (B)۔ $\frac{-b}{a}$ (C)۔ $\frac{c}{a}$ (D)۔ $\frac{-c}{a}$

16) اگر α اور β کثیر رکنی $p(x) = ax^2 + bx + c$ کے صفر ہوں تو $\alpha + \beta$ کی قدر ہے۔   (آسان)

(A)۔ $\frac{b}{a}$ (B)۔ $\frac{-b}{a}$ (C)۔ $\frac{c}{a}$ (D)۔ $\frac{-c}{a}$

17) کثیر رکنی $p(x) = x^2 - x + k$ کا ایک صفر 2 ہو تو k کی قدر ہے   (مشکل June 2019)

(A)۔ 2   (B)۔ -2   (C)۔ - 6   (D)۔ 6

18) کثیر رکنی $p(x) = kx^2 + 2x + 3k$ کے صفروں کا حاصل جمع اس کے صفروں کے حاصل ضرب کے برابر ہو تو k کی قدر ہے   (اوسط)

(A)۔ $\frac{2}{3}$ (B)۔ $\frac{-2}{3}$ (C)۔ $\frac{3}{4}$ (D)۔ $\frac{-3}{4}$

19) مربعی کثیر رکنی جس کے صفروں کا حاصل جمع اور حاصل ضرب بالترتیب 4 اور 5 ہے   (آسان MQP 2023)

(A)۔ $p(x) = x^2 - 4x - 5$ (B)۔ $p(x) = x^2 + 4x - 5$

(C)۔ $p(x) = x^2 - 5x + 4$ (D)۔ $p(x) = x^2 - 4x + 5$

20) کثیر رکنی $p(x) - x^2 - 2x - 8$ کے صفروں کا حاصل جمع   (MQP 2024 اوسط)

(A)۔ -8   (B)۔ 2   (C)۔ -2   (D)۔ 8

21) اگر کثیر رکنی P(x) کا گراف نقاط (-3, 0)، (-1, -5)، (0, -6) اور (2, 0) سے گزرتا ہے تو مربعی کثیر رکنی کے صفر ہیں


(مشکل MQP 2024)

(A) ۔ -3 اور -6 (B) ۔ 0 اور -3 (C) ۔ -1 اور -5 (D) ۔ -3 اور 2


II۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے؟ (ایک مارکس)

22)۔ ایک مکعبی کثیر رکنی کے زیادہ سے زیادہ صفروں کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟ (آسان)

23)۔ دئے گئے گراف میں کثیر رکنی p(x) کے صفروں کی تعداد معلوم کیجئے (آسان MQP 2020)



24)۔ دئے گئے گراف کثیر رکنی p(x) کے صفروں کی تعداد معلوم کیجئے (آسان April 2023, June2020)



25) کثیر رکنی $p(x) = x^3 + 2x^2 - 5x^4 - 6$ کا درجہ لکھئے۔ (آسان April 2016)

26) کثیر رکنی $f(x) = x^2 - 3x^3 + 2$ کا درجہ لکھئے (آسان April 2018)

27) کثیر رکنی $f(x) = 2x^2 - x^3 + 5$ کا درجہ لکھئے (آسان April 2019)

28) کثیر رکنی $p(x) = 3x^3 - 4x^2 + 5x^4 - 3x$ کا درجہ لکھئے ۔ (آسان April 2023)

29) کثیر رکنی $p(x) = x(x^2 + 2x + 3x - 5)$ کا درجہ لکھئے۔ (اوسط)

30) کثیر رکنی $g(p) = 7p^4 - 2p^3 + 3p^2 + p - 3$ کا درجہ لکھئے۔ (آسان MQP 2024)

31) کثیر رکنی $p(x) = x^2 - 5x + 6$ کے صفروں کا حاصل جمع معلوم کیجئے۔ (آسان June2023)

32) کثیر رکنی $p(x) = 2x^2 - 9x + 10$ کے صفروں کا حاصل ضرب معلوم کیجئے۔ (آسان SLP 2020)

33) کثیر رکنی $p(x) = x^2 + 7x + 10$ کے صفروں کا حاصل جمع معلوم کیجئے۔ (آسان March 2024)

34) اگر کثیر رکنی $f(x) = 2x^2 - 3x + k$ کے صفروں کا حاصل ضرب 3 ہو تو k کی قدر معلوم کیجئے۔ (اوسط)


35) مربعی کثیر رکنی لکھئے جس کے صفروں کا حاصل جمع اور حاصل ضرب بالترتیب 3- اور 2 ہیں۔ (آسان SLP 2019)

36) کثیر رکنی $p(x) = x^2 - 3$ کے صفر معلوم کیجئے۔ (آسان)

37) کثیر رکنی $p(x) = x^2 - 25$ کے صفر معلوم کیجئے۔ (آسان)

38) کثیر رکنی $p(x) = 2x^3 + 3x^2 - 11x + 6$ کیلئے $p(1)$ کی قدر معلوم کیجئے۔ (اوسط)

39) دی گئی شکل میں کثیر رکنی $y = p(x)$ کا گراف دیا گیا ہے۔ $p(x)$ کے صفر لکھئے (آسان March 2025)



III۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے (دو مارکس)

40)۔ خطی کثیر رکنی اور مربعی کثیر رکنی کی معیاری (عمومی) شکلیں لکھئے۔ (آسان MQP 2020)

41)۔ کثیر رکنی $p(x) = 6x^2 - 3 - 7x$ کے صفر لکھئے (اوسط MQP 2019)

42)۔ کثیر رکنی $p(x) = 4x^2 - 4x - 3$ کے صفر لکھئے (اوسط April 2019)

43)۔ کثیر رکنی $p(x) = ax^2 + bx + c$ کے صفروں کا حاصل جمع 3- اور حاصل ضرب 2 ہو تو ثابت کیجئے $b + c = 5a$

(مشکل)

44)۔ اگر α اور β کثیر رکنی $p(x) = x^2 - 4x + 5$ کے دو صفر ہوں تو $\alpha^2 + \beta^2$ کی قدر معلوم کیجئے۔ (مشکل)

45)۔ اگر α اور β کثیر رکنی $p(x) = x^2 + 3x + 1$ کے دو صفر ہوں تو $\frac{1}{\alpha} + \frac{1}{\beta}$ کی قدر معلوم کیجئے۔ (مشکل)

46)۔ اگر α اور β کثیر رکنی $p(x) = x^2 + 3x + 1$ کے دو صفر ہوں تو $\alpha^2\beta + \alpha\beta^2$ کی قدر معلوم کیجئے۔ (مشکل)

47)۔ کثیر رکنی $p(x) = 2x^2 - 6x + k$ کا ایک صفر دوسرے کا دوگنا ہو تو "k" کی قدر معلوم کیجئے۔ (اوسط September 2020)

48)۔ کثیر رکنی $p(x) = ax^2 + bx - 4$ کے صفروں کا حاصل جمع اور حاصل ضرب بالترتیب $\frac{1}{4}$ اور -1 ہوں تو "a" اور "b" کی قدر معلوم کیجئے (اوسط)

49)۔ کثیر رکنی $p(x) = x^2 - 5x + 6$ کے صفر معلوم کیجئے۔ (اوسط)

50)۔ کثیر رکنی معلوم کیجئے جس کے صفر $\sqrt{3}$ اور $-\sqrt{3}$ ہیں۔ (مشکل)

IV۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے (3 مارکس)

51)۔ کثیر رکنی $p(x) = x^2 - 2x - 8$ کے صفر معلوم کیجئے اور اس کے صفر اور ضریبوں کے درمیان تعلق کی تصدیق کیجئے۔ (مشکل)

52)۔ کثیر رکنی $p(x) = x^2 + 7x + 10$ کے صفر معلوم کیجئے اور اس کے صفر اور ضریبوں کے درمیان تعلق کی تصدیق کیجئے۔


(مشکل، June 2023، April 2025)

53)۔ دو درجی مربعی کثیر رکنی میں معلوم کیجئے جس کے صفروں کا حاصل جمع اور حاصل ضرب بالترتیب -3 اور 2 ہے اور اس کے صفر بھی معلوم کیجئے۔ (مشکل، March 2024)

54) دو درجی مربعی کثیر رکنی میں معلوم کیجئے جس کے صفروں کا حاصل جمع اور حاصل ضرب بالترتیب 7 اور 12 ہے اور اس کے صفر بھی معلوم کیجئے۔ (مشکل، June 2024)

V۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے (4 مارکس)

55)۔ متصل گراف کو ظاہر کرنے والی کثیر رکنی معلوم کیجئے اس کے صفر اور ضریبوں کے درمیان تعلق کی تصدیق کیجئے (مشکل)



VI۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے (5 مارکس)

56)۔ دو درجی کثیر رکنی معلوم کیجئے اگر اس کے صفروں کا حاصل جمع اور حاصل ضرب بالترتیب -6 اور 8 ہو اور اس کے صفر بھی معلوم کیجئے اور صفر اور ضریبوں کے درمیان تعلق کی تصدیق کیجئے (مشکل)

اکائی 3 : دو متغیر والی خطی مساواتوں کے جوڑے

آموزشی نکات

☆ دو متغیر والی خطی مساواتوں کے جوڑے کا تعارف

☆ دو متغیر والی خطی مساواتوں کے جوڑے کی عمومی (معیاری) شکل

☆ دو متغیر والی خطی مساواتوں کے جوڑے کو حل کرنے کا ترسیمی طریقہ

☆ خطی مساواتوں کے ضریبوں کی نسبتوں کے درمیان تعلق کی تشریح

☆ خطی مساوات کے جوڑوں کو حل کرنے کے الجبرائی طریقے

(i)۔ بدل کا طریقہ   (ii)۔ اخراج کا طریقہ

☆ اطلاقی مسائل

جملہ سوالات	آسان	اوسط	مشکل
51	12	29	10

I۔ مندرجہ ذیل میں ہر سوال/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کیلئے چار متبادلات دئے گئے ہیں۔ موزوں ترین متبادل کا انتخاب کیجئے اور (انگریزی) حروف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھئے   (1 Mark)

1) اگر خطی مساوات کا جوڑا $a_1x + b_1y + c_1 = 0$ اور $a_1x + b_1y + c_1 = 0$ منطبق خطوط کو ظاہر کرتا ہے تو ذیل میں درست تعلق ہے۔   (آسان June 2025)

(A) $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2} = \frac{c_1}{c_2}$ (B) $\frac{a_1}{a_2} \neq \frac{b_1}{b_2} \neq \frac{c_1}{c_2}$

(C) $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2} \neq \frac{c_1}{c_2}$ (D) $\frac{a_1}{a_2} \neq \frac{b_1}{b_2} = \frac{c_1}{c_2}$

2) اگر خطی مساوات کا جوڑا $a_1x + b_1y + c_1 = 0$ اور $a_1x + b_1y + c_1 = 0$ قاطع خطوط کو ظاہر کرتا ہے تو ذیل میں درست تعلق ہے۔   (آسان July 2021)

(A) $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2} \neq \frac{c_1}{c_2}$ (B) $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2} = \frac{c_1}{c_2}$

(C) $\frac{a_1}{a_2} \neq \frac{b_1}{b_2}$ (D) $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2}$

3) اگر خطی مساوات کا جوڑے $a_1x + b_1y + c_1 = 0$ اور $a_1x + b_1y + c_1 = 0$ میں اگر $\frac{a_1}{a_2} \neq \frac{b_1}{b_2}$ ہو تو (آسان June 2022)

(A)۔ مساواتوں کا کوئی حل نہیں ہوگا۔ (B)۔ مساواتوں کا یکتا حل ہوگا۔

(C)۔ مساواتوں کے تین حل ہوں گے۔ (D)۔ مساواتوں کے لامحدود حل ہونگے۔

4) اگر خطی مساوات کا جوڑا $a_1x + b_1y + c_1 = 0$ اور $a_2x + b_2y + c_2 = 0$ کا یکتا حل ہو تو ذیل میں درست تعلق ہے۔ (آسان)

(A) $\frac{a_1}{a_2} \neq \frac{b_1}{b_2}$ (B) $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2} = \frac{c_1}{c_2}$

(C) $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2}$ (D) $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2} \neq \frac{c_1}{c_2}$

5) مساوات $2x + 3y - 9 = 0$ اور $4x + 6y - 18 = 0$ کو ظاہر کرنے والے خطوط (اوسط April 2024)

(A)۔ قاطع خطوط (B)۔ ایک دوسرے پر عمود ہوتے ہیں

(C)۔ متوازی خطوط (D)۔ منطبق خطوط

6) مساوات $x + 2y - 4 = 0$ اور $2x + 4y - 12 = 0$ کو ظاہر کرنے والے خطوط (اوسط September 2020)

(A)۔ قاطع خطوط (B)۔ متوازی خطوط

(C)۔ ایک دوسرے پر عمود ہوتے ہیں (D)۔ منطبق خطوط

7) خطی مساواتوں کا جوڑا $2x - 5y + 4 = 0$ اور $2x + y - 8 = 0$ رکھتا ہے۔ (آسان)

(A)۔ ٹھیک دو حل (B)۔ لا محدود حل (C)۔ یکتا حل (D)۔ کوئی حل نہیں

8) خطی مساواتوں کا جوڑا $x - 2y = 0$ اور $3x + 4y - 20 = 0$ کو گراف میں ظاہر کیا گیا تو خطوط ہونگے (آسان July 2021)

(A)۔ قاطع خطوط (B)۔ ایک دوسرے پر عمود (C)۔ متوازی خطوط (D)۔ منطبق خطوط

9) اگر خطی مساوات کے جوڑے $x + 2y - 4 = 0$ اور $2x + 4y - 12 = 0$ کو گراف میں ظاہر کیا گیا تو خطوط ہونگے

(اوسط April 2024)

(A)۔ قاطع خطوط (B)۔ ایک دوسرے پر عمود ہوتے ہیں
(C)۔ متوازی خطوط (D)۔ منطبق خطوط

10) دو متغیر والی خطی مساواتوں کا جوڑا $x - y = 8$ اور $3x - 3y = 16$ ظاہر کرتا ہے (اوسط June 2022)

(A)۔ قاطع خطوط (B)۔ عمودی خطوط (C)۔ متوازی خطوط (D)۔ منطبق خطوط

11) اگر دو متغیر والی خطی مساواتوں کا جوڑا غیر ہم آہنگی ہے تو وہ ظاہر کرتا ہے (آسان)

(A)۔ قاطع خطوط (B)۔ عمودی خطوط (C)۔ متوازی خطوط (D)۔ منطبق خطوط

12) اگر دو متغیر والی خطی مساواتوں کا جوڑا $x + 2y = 3$ اور $2x + 4y = k$ منطبق خطوط کو ظاہر کرتا ہو تو k کی قدر ہے

(A)۔ 3 (B)۔ 6 (C)۔ -3 (D)۔ -6 (مشکل August 2024)

13) اگر خطی مساواتوں کا جوڑا $2x + 5y + 1 = 0$ اور $3x + 2ky = 2$ متوازی خطوط ظاہر کرتا ہے تو k کی قدر ہے (مشکل)

(A)۔ $\frac{-5}{4}$ (B)۔ $\frac{2}{5}$ (C)۔ $\frac{15}{4}$ (D)۔ $\frac{3}{2}$

14) ذیل میں منطبق خطوط کو ظاہر کرنے والی خطی مساوات کا جوڑا ہے (اوسط)

(A)۔ $x - 2y = 0$, $3x + 4y = 20$
(B)۔ $2x + 3y = 9$, $4x + 6y = 18$
(C)۔ $x + 2y = 4$, $2x + 4y = 12$
(D)۔ $x + y = 8$, $x - y = 4$

15) ذیل میں خطی مساواتوں کے جوڑے کو ظاہر کرنے والے خطوط سے متعلق غلط بیان ہے (اوسط)

(A)۔ اگر خطوط متوازی ہوں تو مساواتوں کا کوئی حل نہیں ہوگا۔
(B)۔ اگر خطوط ایک دوسرے پر عمود ہوں تو مساواتوں کا کوئی حل نہیں ہوگا۔
(C)۔ اگر خطوط منطبق ہوں تو مساواتوں کے لامحدود حل ہوں گے۔
(D)۔ اگر خطوط قاطع ہوں تو مساواتوں کا یکتا حل ہوگا۔

16) x اور y کی وہ قدر جو مساوات $2x + 3y = 16$ کو مطمئن کرتی ہیں؟ (اوسط)

(A)۔ $x = 5, y = 2$ (B)۔ $x = 2, y = 5$

(C) ۔ $x = -5, y = -2$ (D) ۔ $x = -5, y = 2$

II ۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے؟ [1 Mark]

17) خطی مساوات کے جوڑے کی معیاری (عمومی) شکل لکھئے ۔جس کے متغیرات x اور y ہوں (آسان)

18) اگر خطی مساوات کا جوڑا غیر ہم آہنگ ہو تو کتنے حل رکھتا ہے؟ (اوسط April 2022)

19) خطی مساواتوں کے جوڑے $a_1x + b_1y + c_1 = 0$ اور $a_2x + b_2y + c_2 = 0$ کتنے حل رکھتے ہیں جبکہ $\frac{a_1}{a_2} \neq \frac{b_1}{b_2}$ (آسان September 2022)

20) دو متغیرات والی خطی مساواتوں کا جوڑا کتنے حل رکھتا ہے اگر وہ منطبق خطوط کو ظاہر کرتا ہو؟ (آسان)

21) "مستطیل جس کی لمبائی "l" اکائی اور چوڑائی "b" اکائی کا احاطہ 32 میٹر ہے" ۔ کو ظاہر کرنے والی دو متغیر والی خطی مساوات لکھئے ۔ (اوسط)

22) ایک جماعت میں لڑکوں کی تعداد x لڑکیوں کی تعداد لڑکوں کی تعداد y کے دگنے سے ایک زیادہ ہے ۔اس بیان کو ظاہر کرنے والی خطی مساوات لکھئے ۔(اوسط)

23) اگر خطی مساواتوں کا جوڑا $x + 2y - 4 = 0$ اور $ax + by - 12 = 0$ منطبق خطوط کو ظاہر کرتا ہے تو "a" اور "b" کی قدر معلوم کیجئے ۔ ۔ (مشکل)

24) اگر خطی مساواتوں کا جوڑا $4x + py + 8 = 0$ اور $4x + 4y + 2 = 0$ متوازی خطوط کو ظاہر کرتا ہے تو "p" کی قدر معلوم کیجئے ۔ ۔(اوسط)

25) خطی مساواتوں کا جوڑا $x + 2y - 4 = 0$ اور $3x + 2y - 5 = 0$ کتنے حل رکھتا ہے ۔ (آسان June 2023)

26) خطی مساواتوں کا جوڑا $2x + 3y - 9 = 0$ اور $4x + 6y - 18 = 0$ کتنے حل رکھتا ہے ۔(آسان)

27) اگر خطی مساواتوں کا جوڑا قاطع خطوط کو ظاہر کرتا ہو تو یہ کتنے حل رکھتا ہے؟ (آسان June 2024)

28) خطی مساواتوں کا جوڑا $2x + 3y + 4 = 0$ اور $3x + 5y + 8 = 0$ کتنے حل رکھتا ہے ۔ (اوسط April 2024)

29) خطی مساواتوں کا جوڑا $2x + 3y - 9 = 0$ اور $3x - 2y + 6 = 0$ کتنے حل رکھتا ہے ۔(اوسط March 2025)

III ۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے؟ [1 Mark]

30) دیئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کو اخراج کے طریقہ سے حل کیجئے (اوسط March 2025)

$$2x + y = 10$$

$$x - y = 2$$

31) دئے ہوئے مساوات کے جوڑے کو اخراج کے طریقہ سے حل کیجئے (اوسط)

$$3x - y = 15$$
$$2x - y = 5$$

32) دئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کو اخراج کے طریقہ سے حل کیجئے (اوسط June 2024)

$$2x + y = 8$$
$$x - y = 1$$

33) دئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کو بدل کے طریقہ سے حل کیجئے (اوسط)

$$x + y = 14$$
$$x - y = 4$$

34) دئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کو بدل کے طریقہ سے حل کیجئے (اوسط)

$$x + 2y = 8$$
$$x - y + 1 = 0$$

35) دئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کو اخراج کے طریقہ سے حل کیجئے (اوسط March 2024)

$$2x + y = 8$$
$$3x - y = 7$$

36) دو مثبت صحیح اعداد کا حاصل جمع اور فرق بالترتیب 10 اور 2 ہے۔ صحیح اعداد معلوم کیجئے۔ (اوسط)

37) دو مثبت صحیح اعداد کا حاصل جمع 15 ہے۔ اگر ایک عدد دوسرے عدد سے 1 زیادہ ہو تو اعداد معلوم کیجئے (اوسط)

38) دئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کو اخراج کے طریقہ سے حل کیجئے (مشکل)

$$3x + 2y = 5$$
$$x - y = 1$$

39) دئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کو اخراج کے طریقہ سے حل کیجئے (مشکل)

$$2x + 5y = 7$$
$$5x + 2y = 7$$

IV۔ [3 Mark]

40) اگر کسی کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما میں 2 جمع کر دیا جائے تو کسر $\frac{9}{11}$ ہو جاتی ہے۔ اگر شمار کنندہ اور نسب نما دونوں میں 3 جمع کر دیا جائے کسر $\frac{5}{6}$ ہو جاتی ہے۔ کسر معلوم کیجئے۔ (مشکل)

41) دس سال بعد "X" کی عمر "Y" کی عمر کا دوگنا ہو جائے گی۔ دس سال پہلے X کی عمر Y کی عمر کا 6 گنا تھی۔ دونوں کی موجودہ عمریں معلوم کیجئے (مشکل)

42) ریتو ایک کشتی میں بہاؤ کی سمت 2 گھنٹے میں 20 کلو میٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے اور بہاؤ کے خلاف 2 گھنٹے میں 4 کلو میٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے۔ ساکن پانی میں ریتو کی رفتار اور پانی کے بہاؤ کی رفتار معلوم کیجئے (مشکل)

43) دو اشخاص کی آمدنی کی نسبت 9:7 اور خرچ کی نسبت 4:3 ہے اگر دونوں میں سے ہر ایک 2000 روپئے ماہانہ بچاتا ہے تو ان کی ماہانہ آمدنی معلوم کیجئے (مشکل)

44) 5 سال بعد "A" کی عمر اس کے بیٹے کی عمر کی تین گنا ہو گی۔ پانچ سال پہلے "A" کی عمر اس کے بیٹے کی عمر کے 7 گنا تھی۔ انکی موجودہ عمریں معلوم کیجئے (مشکل)

V۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے [4 Marks]

45) دیئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کا حل ترسیم (گراف) کے طریقے سے معلوم کیجئے (اوسط)

$$2x + y = 6$$
$$2x - y = -2$$

46) دیئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کا حل ترسیم (گراف) کے طریقے سے معلوم کیجئے (اوسط)

$$x + 2y = 6$$
$$x + y = 2$$

47) دیئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کا حل ترسیم (گراف) کے طریقے سے معلوم کیجئے (اوسط June 2019)

$$2x + y = 8$$
$$x - y = 1$$

48) دیئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کا حل ترسیم (گراف) کے طریقے سے معلوم کیجئے (اوسط March 2025)

$$x + 2y = 6$$
$$x + y = 5$$

49) دیئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کا حل ترسیم (گراف) کے طریقے سے معلوم کیجئے (اوسط March 2019)

$$x + 3y = 6$$

$$2x - 3y = 12$$

50) دیئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کا حل ترسیم (گراف) کے طریقے سے معلوم کیجئے (اوسط May 2025)

$$2x + y = 6$$

$$2x - y = 2$$

51) دیئے ہوئے خطی مساوات کے جوڑے کا حل ترسیم (گراف) کے طریقے سے معلوم کیجئے (اوسط July 2022)

$$2x - y = 7$$

$$x - y = 2$$

اکائی 4: دو درجی مساوات

آموزشی نکات

☆ دو درجی مساوات کی تعریف اور اس کی عمومی (معیاری) شکل

☆ دیے گئے مساواتوں میں دو درجی مساوات کی شناخت کرنا۔

☆ اجزائے ضربی کے طریقے سے دو درجی مساوات کا حل

☆ دو درجی مساوات کا ممیز اور جذور کی نوعیت

☆ عبارتی سوالات (اطلاقی مسائل)

جملہ سوالات	آسان	اوسط	مشکل
73	16	44	13

I۔ مندرجہ ذیل میں ہر سوال/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کیلئے چار متبادلات دئے گئے ہیں۔موزوں ترین متبادل کا انتخاب کیجئے اور (انگریزی) حروف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھئے (1 Mark)

1) دو درجی مساوات کی عمومی (معیاری) شکل [MQP II -2020 : آسان]

(A)۔ $ax^2 - bx + c = 0$ (B)۔ $ax^2 + bx + c = 0$

(C)۔ $ax^2 - bx - c = 0$ (D)۔ $ax^2 - bx - c = 0$

2) ذیل میں دو درجی مساوات ہے [April -2020 : اوسط] [April -2025-1 : اوسط]

(A)۔ $x^3 - 6x$ (B)۔ $P(x) = x^2 + 7x$

(C)۔ $3x = 9$ (D)۔ $x^2 + 3x + 4 = 0$

3) ذیل میں دو درجی مساوات ہے (SLP 2022 آسان)

(A)۔ $x^{-2} - 3x + 2 = 0$ (B)۔ $2x + 3 = 0$

(C)۔ $x^2 - 5x + 6 = 0$ (D)۔ $2x^3 + 7x + 1 = 0$

4) دو درجی مساوات $5x^2 = 2(2x + 3)$ کو عمومی (معیاری) شکل میں لکھنے پر حاصل ہونے والا مستقل رکن [MQP-II -2020 : اوسط]

(A)۔ 5 (B)۔ 6 (C)۔ 4 (D)۔ -6

5) $x(x + 2) = 6$ یہ ایک [MQP I -2025 : اوسط]

(A)۔ خطی مساوات (B)۔ دودرجی مساوات (C)۔ مکعبی کثیر رکنی (D)۔ مربعی کثیر رکنی

6) دودرجی مساوات $2x^2 = 3x - 5$ کی معیاری شکل (آسان)

(A)۔ $x^2 - x + 5 = 0$ (B)۔ $2x^2 + 3x - 5 = 0$

(C)۔ $2x^2 - 3x - 5 = 0$ (D)۔ $2x^2 - 3x + 5 = 0$

7) دومتواتر مثبت صحیح اعداد کا حاصل ضرب 30 ہے۔اس بیان کو ظاہر کرنے والی مساوات (آسان April 2019)

(A)۔ $x + 2 = 30$ (B)۔ $(x - 2) = 30$

(C)۔ $(x - 3) = 30$ (D)۔ $x(x + 1) = 30$

8) دودرجی مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کا ممیز [April -2024 Exam-3 : آسان]

(A)۔ $b^2 - 4ac$ (B)۔ $c^2 - 4ab$ (C)۔ $b^2 + 4ac$ (D)۔ $a^2 + 4ab$

9) دودرجی مساوات $x^2 + 4x + 4 = 0$ کے ممیز کی قدر (SLP 2024 اوسط)

(A)۔ 0 (B)۔ 12 (C)۔ 16 (D)۔ 48

10) ایک دودرجی مساوات کے ممیز کی قدر 0 ہوتو جذور کی نوعیت [MQP I -2022 : آسان]

(A)۔ مختلف، حقیقی اور غیر ناطق (B)۔ حقیقی اور مساوی

(C)۔ مختلف، حقیقی اور ناطق (D)۔ حقیقی نہیں

11) دودرجی مساوات $x^2 - 2x + 1 = 0$ کے جذور کی نوعیت [MQP -2021 : اوسط]

(A)۔ دومساوی جذور (B)۔ دومختلف حقیقی اور ناطق

(C)۔ دومختلف حقیقی اور غیر ناطق (D)۔ غیر حقیقی

12) دودرجی مساوات $x^2 + 6x + k = 0$ کے جذر حقیقی اور مساوی ہوں تو k کی قدر ہے۔ [MQP I -2020 : اوسط]

(A)۔ 9 (B)۔ -9 (C)۔ 8 (D)۔ 5

13) اگر دودرجی مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کے جذور حقیقی اور مختلف ہوں تو۔ (SLP 2024 آسان)

(A)۔ $a^2 - 4ac > 0$ (B)۔ $b^2 - 4ac = 0$

(C)۔ $a^2 - 4ac = 0$ (D)۔ $b^2 - 4ac > 0$

14) مساوات $(x-3)(x+2)=0$ کے جذور (آسان July 2021)

(A) 2، -3 (B) -2، 3 (C) -2، -3 (D) 2، 3

15) دودرجی مساوات $(2x-3)(x+5)$ کا ایک جذر 5- ہوتو دوسرا جذر (آسان MQP 2021)

(A) 5 (B) $\frac{-3}{2}$ (C) $\frac{3}{2}$ (D) $\frac{2}{3}$

16) دودرجی مساوات $2x^2+ax+6=0$ کا ایک جذر 2 ہوتو "a" کی قدر (اوسط July 2021)

(A) 7 (B) $\frac{7}{2}$ (C) -7 (D) $\frac{-7}{2}$

II۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے؟ (1 Mark)

17) مساوات $x(2+x)=3$ کو دودرجی مساوات کی عمومی (معیاری) شکل میں لکھئے (آسان April 2023)

18) مساوات $\frac{x+1}{2}=\frac{1}{x}$ کو دودرجی مساوات کی عمومی (معیاری) شکل میں لکھئے (اوسط June 2020)

19) دودرجی مساوات $px^2+qx-r=0$ کا ممیز لکھئے (اوسط MQP 2020)

20) دودرجی مساوات $2x^2-4x+3=0$ کا ممیز لکھئے (اوسط April 2019)

21) اگر دودرجی مساوات $(x+4)(x+3)=0$ کا ایک جذر 4- ہوتو دوسرا جذر معلوم کیجئے (آسان Sept 2020)

22) دودرجی مساوات $(x-1)(x+3)=0$ کے جذور دریافت کیجئے (آسان SLP 2024)

23) دودرجی مساوات $x^2-5x+1=0$ کا ممیز لکھئے (اوسط June 2023)

24) دودرجی مساوات $x^2-9=0$ کے جذروں کی قسم لکھئے [اوسط MQP-4 -2024]

25) مساوات $2m^2=2-m$ کو دودرجی مساوات کی معیاری شکل میں لکھئے (آسان)

26) دودرجی مساوات $x^2-x=0$ کے جذور معلوم کیجئے (آسان)

27) دودرجی مساوات $x(x+2)=0$ کے جذور لکھئے (آسان March 2025)

28) دودرجی مساوات $ax^2+bx+c=0$ کے جذر لکھئے (آسان May 2025)

29) دو متواتر مثبت صحیح اعداد کا حاصل ضرب 306 ہے۔ اس بیان کو ظاہر کرنے والی دودرجی مساوات کی معیاری شکل میں لکھئے (اوسط)

III۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے؟ (2 Marks)

30) اجزائے ضربی کے طریقے سے دو درجی مساوات $x^2 + 7x + 12 = 0$ کے جذر معلوم کیجئے [June 2019 :اوسط]

31) دو درجی مساوات $x^2 + 4x - 60 = 0$ کے جذر معلوم کیجئے؟ [MQP-4 2024 : اوسط]

32) اجزائے ضربی کے طریقے سے دو درجی مساوات $x^2 + 3x + 2 = 0$ کے جذر معلوم کیجئے [MQP-2 2024 : اوسط]

33) دو درجی مساوات $2x^2 + x - 6 = 0$ کے جذر معلوم کیجئے؟ [SLP-4 2024 : اوسط]

34) اجزائے ضربی کے طریقے سے دو درجی مساوات $x^2 + 8x + 12 = 0$ کے جذر معلوم کیجئے (April 2025 اوسط)

35) دو درجی مساوات $2x^2 - 5x + 3 = 0$ کے ممیز کی قدر معلوم کیجئے اور جذروں کی قسم لکھیے [September 2020 : اوسط]

36) دو درجی مساوات $4x^2 - 4x + 1 = 0$ کے ممیز کی قدر معلوم کیجئے اور جذروں کی قسم لکھئے (June 2019 اوسط)

37) دو درجی مساوات $2x^2 - 6x + 3 = 0$ کے ممیز کی قدر معلوم کیجئے اور جذروں کی قسم لکھئے [MQP-1 2021 : اوسط]

38) دو درجی مساوات $x^2 + 4x + 4 = 0$ کے ممیز کی قدر معلوم کیجئے اور جذروں کی قسم لکھئے (SLP 2024 اوسط)

39) دو درجی مساوات $2x^2 - 5x - 1 = 0$ کے ممیز کی قدر معلوم کیجئے اور جذروں کی قسم لکھئے (Sept 2020 اوسط)

40) ثابت کیجئے کہ دو درجی مساوات $x^2 + ax - 4 = 0$ کے جذر حقیقی اور مختلف ہیں۔ [MQP-1 2021 : اوسط]

41) k کی کس قدر کیلئے مساوات $kx^2 + 6x + 1 = 0$ کے جذر مساوی ہوں گے؟ [SLP 2022 : اوسط]

42) اگر دو درجی مساوات $x^2 + bx + 9 = 0$ کے دو مساوی جذر ہوں تو مساوات معلوم کیجئے [MQP-1 2024 : اوسط]

43) k کی قدر معلوم کیجئے جس کے لئے مساوات $2x^2 + kx + 3 = 0$ کے جذر حقیقی اور مساوی ہوں گے
[MQP-2 2024 : اوسط]

44) دو درجی مساوات $2x^2 + 4x + 5 = 0$ کے ممیز کی قدر معلوم کیجئے اور جذروں کی قسم لکھئے؟ [April 2024 : اوسط]

45) اجزائے ضربی کے طریقے سے دو درجی مساوات $3x^2 - 5x + 2 = 0$ کے جذر معلوم کیجئے؟ [MQP-2 2020 : اوسط]

IV۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے؟ (3 Marks)

46) دو مربعوں کے رقبہ کا حاصل جمع 640 sq m ۔اگر ان کے احاطوں کا فرق 64m ہے تو دونوں مربعوں کے اضلاع معلوم کیجئے؟
[MQP-1 2021 : اوسط]

47) دو متواتر طاق مثبت صحیح اعداد کے مربعوں کا مجموعہ 290 ہے تو صحیح اعداد معلوم کیجئے [MQP-2 2021 : اوسط]

48) ماں کی عمر اس کے بیٹے کی عمر کے مربع کا دوگنا ہے۔ 8 سال بعد ماں کی عمر بیٹے کی عمر کے تین گنا سے 4 سال زیادہ ہو جاتی ہے۔ ان کی موجودہ عمریں معلوم کیجئے (April 2023 اوسط)

49) ایک مثلث قائمہ کے ارتفاع اور قاعدہ کا فرق 5cm ہے۔ اگر مثلث کا رقبہ 150 sq. cm ہے۔ مثلث کا قاعدہ اور ارتفاع معلوم کیجئے (April 2025 مشکل)

50) دو لگاتار جفت مثبت صحیح اعداد کے مربعوں کا مجموعہ 164 ہے۔ اعداد معلوم کیجئے (April 2024 اوسط)

51) دو اعداد معلوم کیجئے جن کا حاصل جمع 27 اور حاصل ضرب 182 ہے، (MQP-1 2024: اوسط)

52) ایک مثلث قائمہ کا ارتفاع اس کے قاعدہ سے 7cm کم ہے۔ اگر اس کا وتر 13cm ہو تو باقی دو اضلاع معلوم کیجئے

(MQP-1 2024: اوسط)

53) ایک طالب علم نے 60 روپیوں میں چند کتابیں خریدتا ہے۔ اسی رقم میں اگر چہ وہ مزید 5 کتابیں خریدتا تو ہر کتاب کی قیمت 1 روپیہ کم ہو جاتی۔ اس سے خریدی گئی کتابوں کی تعداد معلوم کیجئے۔ (MQP-2 2024 مشکل)

54) باپ کی عمر بیٹے کی عمر سے 30 سال زیادہ ہے۔ 5 سال بعد ان کی عمروں کا حاصل ضرب 400 ہو جائے گا تو باپ اور بیٹے کی موجودہ عمریں معلوم کیجئے۔ (MQP-3 2024 اوسط)

55) ایک عدد دوسرے عدد سے 3 زیادہ ہے۔ اگر ان کے مربعوں کا حاصل جمع 29 ہے تو اعداد معلوم کیجئے۔

(MQP-3 2024 اوسط)

56) ایک مثلث کا قاعدہ اس کے ارتفاع کے دوگنا سے 4cm زیادہ ہے۔ اگر مثلث کا رقبہ 48 مربع سنٹی میٹر ہو تو مثلث کا قاعدہ اور ارتفاع معلوم کیجئے (MQP-4 2024 اوسط)

57) طلباء نے مل کر پکنک کا پروگرام بنایا۔ جس کے لئے کھانے کا کل خرچ 900 روپئے طے کیا گیا۔ 10 طلباء شریک نہ ہونے کی وجہ سے بقیہ طلباء کو کھانے کی قیمت فی کس 15 روپئے زائد ادا کرنی پڑی۔ پکنک پر گئے طلباء کی تعداد معلوم کیجئے (SLP 2024 مشکل)

58) ایک مستطیل نما میدان کا رقبہ اور احاطہ بالترتیب 60 sq.m اور 32m ہے۔ میدان کی لمبائی اور چوڑائی معلوم کیجئے جذور

(MQP 2023 اوسط)

59) ایک ٹرین 480 کلو میٹر کا فاصلہ یکساں رفتار سے طے کرتی ہے۔ اگر اس کی رفتار میں 10 کلو میٹر فی گھنٹہ کا اضافہ کر دیا جائے تو وہ وہی فاصلہ طے کرنے میں 4 گھنٹے کم لیتی ہے۔ ٹرین کی رفتار معلوم کیجئے (MQP-2 2021 مشکل)

60) ایک مستطیل نما میدان کا رقبہ اور احاطہ بالترتیب 400 sq.m اور 80m ہے۔ میدان کی لمبائی اور چوڑائی معلوم کیجئے (اوسط)

61) A اور B دو اشخاص 12 کلو میٹر دور دفتر کو سائیکل پر جاتے ہیں تاکہ ایندھن کی بچت ہو۔ فضائی آلودگی کم ہو اور صحت اچھی رہے۔ B کی سائیکل چلانے کی رفتار A کی سائیکل چلانے کی رفتار سے 2km/h زیادہ ہے۔ دفتر کو پہنچنے کیلئے B سے لئے گئے وقت A سے لئے گئے وقت سے 30 منٹ کم ہے۔ دفتر کو پہنچنے میں A اور B کو کتنا وقت لگا معلوم کیجئے۔ (مشکل April 2020)

62) کسی شئے کو 24 روپیوں میں فروخت کرنے پر ایک تاجر کو شئے کی قیمت خرید کے فیصد کے مساوی منافع ہوتا ہے تو شئے کی قیمت خرید معلوم کیجئے۔ (اوسط)

63) کسی شئے کو 24 روپیوں میں فروخت کرنے پر ایک تاجر کو شئے کی قیمت خرید کے فیصد کے مساوی نقصان ہوتا ہے تو شئے کی قیمت خرید معلوم کیجئے۔ (اوسط)

64) اگر مساوات $(1 + m^2)x^2 + 2mcx + c^2 - a^2 = 0$ کے جذر مساوی ہوں تو ثابت کیجئے کہ $c^2 = a^2(1+m^2)$

(مشکل)

65) اگر مساوات $(b - c)x^2 + (c - a)x + (a - b) = 0$ کے جذر مساوی ہوں تو ثابت کیجئے کہ $2b = a + c$

(مشکل June 2019)

V۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے (4 Marks)

66) ایک موٹر والی کشتی (بجلی سے چلنے والی کشتی) کی رفتار ساکن پانی میں 11 کلو میٹر فی گھنٹہ ہے کشتی بہاؤ کی سمت میں جا کر اسی مقام کو واپس آنے میں 2 گھنٹے 45 منٹ لیتی ہے۔ اگر طے شدہ فاصلہ 12 کلو میٹر ہو تو پانی کے بہاؤ کے رفتار معلوم کیجے (مشکل SLP 2024)

67) دو طلباء A اور B کی عمریں بالترتیب 19 سال اور 15 سال ہیں۔ معلوم کیجئے کہ کتنے سالوں بعد دونوں کی عمروں کا حاصل ضرب 480 ہوگا؟ (اوسط June 2019)

68) کسی نہر میں ایک کشتی پانی کے بہاؤ کی سمت میں 30 کلو میٹر فاصلہ طے کرتی ہے۔ اور ابتدائی مقام کو دوبارہ واپس آتی ہے۔ کشتی سے لیا گیا کل وقت 4 گھنٹے 30 منٹ ہے۔ اگر پانی کے بہاؤ کی رفتار 5km/h ہو تو ساکن پانی میں کشتی کی رفتار معلوم کیجئے

(مشکل SLP 2020)

69) مقامات A اور B کے درمیان 132 کلو میٹر کا فاصلہ طے کرنے میں ایکسپریس ٹرین (تیز رفتار ٹرین) پیاسنجر ٹرین سے ایک گھنٹہ کم لیتی ہے۔ اگر ایکسپریس ٹرین کی اوسط رفتار پیاسنجر ٹرین کی رفتار سے 11 کلو میٹر فی گھنٹہ زیادہ ہو تو دونوں ٹرینوں کی اوسط رفتار معلوم کیجئے

(مشکل SLP 2022)

70) شخص A شخص B سے 26 سال بڑا ہے۔ 3 سال بعد ان کی عمروں کا حاصل ضرب 360 ہوگا۔ شخص A اور شخص B کی موجودہ عمریں معلوم کیجئے۔ (مشکل SLP 2023)

71) ایک کسان $100\ m^2$(Sq.m) والا ایک مستطیل نما تر کاری کا باغیچہ بنانا چاہتا ہے۔ چونکہ اس کے پاس صرف 30m لمبی خاردار تار ہے۔ اس لئے وہ باڑ لگانے کیلئے باغیچہ کے احاطہ کے چوتھے حصے کو اپنے گھر کی چار دیواری پر چھوڑتا ہے۔ باغیچہ کا ابعاد معلوم کیجئے۔ (مشکل)

72) کسی کسر کا نسب نما اس کے شمار کنندہ کے دوگنے سے 1 زیادہ ہے اور کسر اور اس کے مقلوب کا حاصل جمع 29/10 ہے۔ کسر معلوم کیجئے۔ (اوسط May 2025)

73) ایک اسکول میں فیصلہ لیا گیا کہ دسویں جماعت کے سالانہ امتحان میں +A گریڈ حاصل کرنے والے طلباء کو 1500 روپئے برابر برابر تقسیم کئے جائیں گے مگر نتیجہ کے بعد امتحان سے پہلے متوقع +A گریڈ والے طلباء کی تعداد میں 5 طلباء زیادہ پائے گئے۔ نتیجتاً ہر طالب علم کو موصول ہونے والی رقم میں 25 روپئے کم ملے۔ نتیجہ نکلنے کے بعد +A گریڈ والے طلباء کی تعداد معلوم کیجئے۔ مشکل SLP 2025)

اکائی 5: حسابی تصاعد

آموزشی نکات

☆ حسابی تصاعد کا تعارف

☆ حسابی تصاعد کی عمومی شکل (معیاری شکل)

☆ حسابی تصاعد کا n واں رکن

☆ حسابی تصاعد کے n ارکان کا مجموعہ

☆ حسابی تصاعد کے استعمالات (اطلاقی مسائل)

جملہ سوالات	آسان	اوسط	مشکل
84	20	56	8

I۔ مندرجہ ذیل میں ہر سوال/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کیلئے چار متبادلات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین متبادل کا انتخاب کیجئے اور (انگریزی) حروف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھئے (1 Mark)

1) ذیل میں حسابی تصاعد ہے (آسان)

(A)۔ 1, 2, 4, 8, ... (B)۔ 3, 7, 10, 14, ...

(C)۔ 1, 4, 9, 16, ... (D)۔ 5, 9, 13, 17, ...

2) حسابی تصاعد ......-7, -9, -11, -13 کا مشترک فرق (آسان)

(A)۔ -7 (B)۔ -2 (C)۔ 2 (D)۔ 3

3) حسابی تصاعد .... 100, 93, 86 کا مشترک فرق (آسان March 2025)

(A)۔ -7 (B)۔ 7 (C)۔ 3 (D)۔ 5

4) حسابی تصاعد کا n واں رکن (آسان August 2024)

(A)۔ $a_n = a + (n - 1)d$ (B)۔ $a_n = a + (n + 1)d$

(C)۔ $a_n = a - (n - 1)d$ (D)۔ $a_n = (n + 1)$

5) حسابی تصاعد کا n واں رکن اگر 5n+3 ہو تو تصاعد کا تیسرا رکن ہوگا (اوسط June 2019)

11 (A) | 18 (B) | 12 (C) | 13 (D)

6) حسابی تصاعد کا n واں رکن اگر $a_n = 3n - 2$ ہو تو تصاعد کا 9 واں رکن ہو گا (آسان Sept 2020)

-25 (A) | 5 (B) | -5 (C) | 25 (D)

7) حسابی تصاعد کا n واں رکن اگر $a_n = 24 - 3n$ ہو تو تصاعد کا دوسرا رکن ہو گا (آسان April 2019)

18 ۔(A) | 15 ۔(B) | 0 ۔(C) | 2 ۔(D)

8) حسابی تصاعد کا n واں رکن اگر $a_n = 2n - 1$ ہو تو تصاعد کا چوتھا رکن ہو گا (آسان)

-7 ۔(A) | 7 ۔(B) | 5 ۔(C) | 6 ۔(D)

9) حسابی تصاعد کا n واں رکن اگر $a_n = 3n + 4$ ہو تو a_{n+1} واں رکن ہو گا (اوسط)

3 ۔(A) | 3n +1 ۔(B) | 3n +7 ۔(C) | 3n +5 ۔(D)

10) حسابی تصاعد کا n واں رکن اگر $a_n = 2n + 1$ ہو تو مشترک فرق ہو گا (آسان June 2020)

0 ۔(A) | 1 ۔(B) | 2 ۔(C) | 3 ۔(D)

11) اگر 14 , x, 6 حسابی تصاعد میں ہوں تو x کی قدر ہو گی (آسان:April 2024)

10 ۔(A) | 20 ۔(B) | 18 ۔(C) | 12 ۔(D)

12) حسابی تصاعد میں اگر $a_n = 76, d = 4, a = 12$ ہو تو n کی قدر ہو گی (اوسط)

17 ۔(A) | 18 ۔(B) | 16 ۔(C) | 19 ۔(D)

13) حسابی تصاعد میں اگر $d = 5, a = -7$ ہو تو a_{12} کی قدر (اوسط)

48 ۔(A) | 45 ۔(B) | 46 ۔(C) | 42 ۔(D)

14) اگر حسابی تصاعد کا پہلا رکن "m" اور مشترک فرق 3 ہو تو 10 واں رکن ہو گا (اوسط)

m + 25 ۔(A) | m + 12 ۔(B) | m + 30 ۔(C) | m + 27 ۔(D)

15) اگر (5p -3), 13, (2p +1) حسابی تصاعد کے تین متواتر ارکان ہوں تو p کی قدر (اوسط)

4 ۔(A) | -4 ۔(B) | 2 ۔(C) | 3 ۔(D)

16) اگر $28. 22. x_2. a_n. x_1$, 4 حسابی تصاعد میں ہوں تو x_1 اور x_2 کی قدر بالترتیب (اوسط)

(A)۔ 10, 16 (B)۔ 16, 10 (C)۔ 16, 22 (D)۔ 22, 16

17) حسابی تصاعد میں 20 ارکان ہیں۔ اگر پہلا رکن 2 اور آخری رکن 78 ہو تو حسابی تصاعد ہوگا۔ (اوسط June 2024 Exam-2)

(A)۔ 2, 5, 8, ... (B)۔ 2, 7, 12, ...

(C)۔ 2, 6, 10,........... (D)۔ 2, 4, 6,..............

18) حسابی تصاعد .....3, 7, 11, 15 کا n واں رکن (اوسط)

(A)۔ $a_n = 4n - 1$ (B)۔ $a_n = 3n - 4$

(C)۔ $a_n = 4n - 7$ (D)۔ $a_n = 4n + 1$

19) حسابی تصاعد کے تمام ارکان کا حاصل جمع معلوم کرنے کا فارمولہ (ضابطہ) جس کا پہلا رکن a اور آخری رکن "l" ہے (اوسط)

(A)۔ $S_n = \frac{n}{2}[a + l]$ (B)۔ $S_n = \frac{n}{2}[a - l]$

(C)۔ $S_n = \frac{n}{2}[a x l]$ (D)۔ $S_n = \frac{n}{2}[a \div l]$

20) اگر a_n، S_n اور S_{n-1} بالترتیب n واں رکن، ابتدائی n ارکان کا حاصل جمع اور ابتدائی (n-1) ارکان حاصل جمع کو ظاہر کرتے ہوں تو صحیح تعلق ہوگا۔

(A)۔ $S_{n-1} = a_n + S_n$ (B)۔ $a_n = S_n - S_{n-1}$

(C)۔ $S_n = S_{n-1} + a_n$ (D)۔ $S_n = a_n - S_{n-1}$

II۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے (1 مارکس)

21)۔ اگر حسابی تصاعد کا پہلا رکن a اور آخری رکن a_n ہو تو ابتدائی n ارکان کا حاصل جمع معلوم کرنے کا ضابطہ (فارمولہ) لکھئے۔

22)۔ حسابی تصاعد کا n واں رکن لکھئے اگر پہلا رکن b اور مشترک فرق "d" ہو۔ (آسان)

23)۔ اگر $a, a+d, a+2d, ...\ell$ ایک حسابی تصاعد ہو تو تصاعد کے آخری رن سے n واں رکن معلوم کیجئے (آسان)

24)۔ حسابی تصاعد کے تین متواتر ارکان کا مجموعہ 21 ہو تو دوسرا رکن معلوم کریں۔ (اوسط)

25)۔ اگر حسابی تصاعد کا "m" واں رکن "n" اور "n" واں رکن "m" ہو تو "p" واں رکن معلوم کیجئے۔ (مشکل)

26)۔ حسابی تصاعد میں اگر ابتدائی چار ارکان کا حاصل جمع 20 اور ابتدائی 3 ارکان کا حاصل جمع 12 ہو تو تصاعد کا چوتھا رکن معلوم کیجئے۔

(اوسط)

27)۔ ایک حسابی تصاعد کا چوتھا رکن 11 اور تیسرا رکن 7 ہو تو مشترک فرق کیا ہوگا۔ (اوسط)

28)۔ حسابی تصاعد میں تیسرا رکن 13 اور دوسرا رکن 8 ہو تو تصاعد کا پہلا رکن دریافت کیجئے ۔ (اوسط)

29)۔ حسابی تصاعد کا عمومی رکن (nواں رکن) لکھئے ۔ (آسان)

30)۔ اگر 4, x, 28 حسابی تصاعد میں ہوں تو "x" کی قدر معلوم کیجئے (اوسط)

31)۔ اگر حسابی تصاعد کا "n" واں رکن $a_n = 7 - 4n$ ہو تو مشترک فرق دریافت کیجئے ۔ (اوسط)

32)۔ اگر حسابی تصاعد کا "n" واں رکن $a_n = 4n + 1$ ہو تو ابتدائی تین ارکان معلوم کیجئے ۔ (اوسط)

III۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے (2 مارکس)

33)۔ ضابطہ کے استعمال سے حسابی تصاعد .... ,2, 7, 12 کا 15واں رکن معلوم کیجئے ۔ (اوسط)

34)۔ حسابی تصاعد 12............ ,100, 96, 92 کے ارکان کی تعداد دریافت کیجئے (اوسط)

35)۔ ایک حسابی تصاعد میں 10 ارکان ہیں ۔ اگر آخری رکن 34 اور مشترک فرق 3 ہو تو تصاعد کا پہلا رکن معلوم کیجئے ۔ (اوسط)

36)۔ ضابطہ (فارمولہ) کے استعمال سے معلوم کیجئے کہ حسابی تصاعد .... ,-1, 3, 7, 11 کا کونسا رکن 95 ہوگا؟ (اوسط)

37)۔ ضابطہ (فارمولہ) کے استعمال سے حسابی تصاعد .... ,1, 5, 9, 13 کا کونسا رکن 77 ہوگا؟ (اوسط)

38)۔ ضابطہ (فارمولہ) کے استعمال سے حسابی تصاعد .... ,5, 8, 11 کا 26واں رکن معلوم کیجئے ۔(اوسط)

39)۔ ضابطہ (فارمولہ) کے استعمال سے حسابی تصاعد .... ,2, 5, 8 کا 30واں رکن معلوم کیجئے ۔

[اوسط-2 August 2024, April 2024, June 2024, Exam]

40)۔ ضابطہ کے استعمال سے حسابی تصاعد .... ,3+ 7+11 کے ابتدائی 10 ارکان کا حاصل جمع دریافت کیجئے

[اوسط, April 2018, March 2025, June 2025]

41)۔ پانی کو 24^0C حرارت تک یکساں دباؤ میں گرم کیا گیا۔ پانی کو اسی طرح گرم کرنا جاری رکھا گیا تو پانی کی حرارت فی منٹ 4^0C زیادہ ہوجاے گی۔ضابطہ کے ذریعے دریافت کیجئے کہ پانی کی حرارت 100^0C پہنچنے کیلئے کتنے منٹ درکار ہوں گے؟

(اوسط April 2018)

42)۔ حسابی تصاعد .... +11 +8 +5 کے ابتدائی 10 ارکان کا حاصل جمع ضابطہ کے ذریعے دریافت کیجئے

(اوسط June 2020)

43)۔ ضابطہ کے ذریعے ابتدائی 20 مثبت صحیح اعداد کا مجموعہ معلوم کیجئے ۔ (اوسط)

44)۔ ضابطہ کے ذریعے دریافت کیجئے کہ حسابی تصاعد ....,21, 42, 63 کا کونسا رکن 210 ہوگا؟ (اوسط)

45)۔ ضابطہ کے ذریعے حسابی تصاعد............1, 3, 5, 7 کے ابتدائی n ارکان کا حاصل جمع معلوم کیجئے (اوسط)

46)۔ ضابطہ کے ذریعے حسابی تصاعد n..........2, 4, 6,8, کے ابتدائی n ارکان کا حاصل جمع معلوم کیجئے (اوسط)

47)۔ ایسے کتنے دو ہندسی اعداد ہیں جو 3 سے قابل تقسیم ہیں (اوسط)

48)۔ ضابطہ کے استعمال سے 1 اور 201 کے درمیانی فطری اعداد کا مجموعہ معلوم کیجئے جو 5 سے تقسیم پذیر ہیں؟ (اوسط)

49)۔ اگر a, A, b حسابی تصاعد میں ہوں تو ثابت کیجئے کہ $A = \frac{a+b}{2}$ (اوسط)

50)۔ ضابطہ کے استعمال سے معلوم کیجئے کہ حسابی تصاعد......25, 20, 15, کا کونسا پہلا منفی رکن ہوگا؟ (اوسط)

51)۔ ضابطہ (فارمولہ) کے استعمال سے دریافت کیجئے کہ حسابی تصاعد.......... ,2, 7, 12 کا کونسا رکن 47 ہوگا؟ (اوسط)

52)۔ ضابطہ (فارمولہ) کے استعمال سے دریافت کیجئے کہ.......... 3, 15, 27,39 کا کونسا رکن تصاعد کے 54 ویں رکن سے 132 زیادہ ہے۔ (اوسط)

53)۔ دریافت کیجئے کہ حسابی تصاعد.....,3, 6, 9 کے کتنے ارکان کا حاصل جمع 165 ہوگا؟ (اوسط July 2022)

IV۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے (3 مارکس)

54)۔ حسابی تصاعد کے ابتدائی 6 ارکان کا حاصل جمع 114 ہے۔ اگر ابتدائی 5 ارکان کا مجموعہ 80 ہو تو حسابی تصاعد لکھئے۔ (اوسط)

55)۔ حسابی تصاعد کا 7 واں رکن اس کے دوسرے رکن کا 4 گنا ہے۔ اگر 12 واں رکن اس کے چوتھے رکن کے 3 گنا سے 2 زیادہ ہو تو حسابی تصاعد لکھئے۔ (اوسط April 2019)

56)۔ حسابی تصاعد معلوم کیجئے کہ جس کا تیسرا رکن 16 اور 7 واں رکن اس کے پانچویں رکن سے 12 زیادہ ہے۔ (اوسط July 2022)

57)۔ اگر حسابی تصاعد (AP) کا پانچواں رکن 26 اور مشترک فرق اس کے پہلے رکن کا تین گنا ہو تو ابتدائی 20 ارکان کا حاصل جمع معلوم کیجئے۔ (اوسط)

58)۔ تین ہندسی عدد کے ہندسے حسابی تصاعد (AP) میں ہیں اور ہندسوں کا حاصل جمع 15 ہے۔ اگر اکائی مقام اور سینکڑہ مقام کے ہندسوں کو آپس میں تبدیل کیا جائے تو حاصل ہونے والا عدد 594 سے کم ہو جائے گا۔ اصل عدد معلوم کیجئے۔ (اوسط)

59)۔ عدد 56 کو 4 حصوں میں منقسم کئے جانے پر حاصل ہونے والے ارکان حسابی تصاعد میں ہوں گے۔ اگر ان کے طرفین اور وسطین کے حاصل ضرب کی نسبت 5:6 ہو تو چاروں ارکان دریافت کیجئے۔ (اوسط)

60)۔ 25 سنٹی میٹر لمبائی والی ایک سیدھی لکڑی کی چھڑی کو پانچ حصوں میں کاٹا گیا۔ حصوں کی لمبائیاں حسابی تصاعد میں ہیں۔ ہر حصہ کے

مربعوں کا حاصل جمع 135 ہو تو ہر حصہ کی لمبائی دریافت کیجئے۔ (مشکل)

61)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) معلوم کیجئے جس کا 9 واں رکن اس کے دوسرے رکن کے 5 گنا سے 1 زیادہ ہے اور اس کا 12 واں رکن پانچویں رکن کے دوگنے سے 7 زیادہ ہے۔ (اوسط)

62)۔ 1 سے 100 کے درمیان ایسے تمام صحیح اعداد کا حاصل جمع معلوم کیجئے جن کو 5 سے تقسیم کرنے پر بچت 1 ہوگی؟۔ (اوسط)

63)۔ حسابی تصاعد (AP) کے تین اعداد کا حاصل جمع 216 ہے اگر بڑا عدد چھوٹے عدد کا 7 گنا ہو تو اعداد معلوم کیجئے (اوسط)

64)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) کے چوتھے اور آٹھویں ارکان کا حاصل جمع 24 ہے اور چھٹویں اور دسویں ارکان کا حاصل جمع 44 ہے۔ حسابی تصاعد کے تین ارکان معلوم کیجئے۔ (اوسط June 2019)

65)۔ مثلث کے تین زاویے حسابی تصاعد (AP) میں ہے۔ اگر چھوٹا زاویہ بڑے زاویہ کا آدھا ہو تو تمام زاویوں کی پیمائش دریافت کیجئے۔ (اوسط)

66)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) کا m واں رکن $\frac{1}{n}$ اور n واں رکن $\frac{1}{m}$ ہو تو ثابت کیجئے کہ mn واں رکن 1 ہوگا۔ (مشکل)

67)۔ اگر حسابی تصاعد (AP) کا p واں رکن "a"، q واں رکن "b" اور r واں رکن "c" ہو تو ثابت کیجئے کہ

$a(q - r) + b(r - p) + c(p - q) = 0$ ۔ (مشکل)

68)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) کے ابتدائی 9 ارکان کا حاصل جمع 144 اور اس کا 9 واں رکن 28 ہو تو AP کا پہلا رکن اور مشترک فرق معلوم کیجئے۔ (اوسط April 2022)

V۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے (4 مارکس)

69)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) کا پہلا رکن 22، n واں رکن 11- اور ابتدائی n ارکان کا مجموعہ 66 ہو تو تصاعد کے ارکان کی تعداد اور مشترک فرق معلوم کیجئے۔ (اوسط)

70)۔ پانچ صحیح اعداد حسابی تصاعد (AP) میں ہیں۔ پہلے رکن کے مربع کو پانچویں رکن کے مربع سے تفریق کرنے پر 192 حاصل ہوتا ہے اور دوسرے رکن اور چوتھے رکن کا حاصل جمع 16 ہوتا ہو تو تصاعد کے 5 ارکان دریافت کیجئے۔ (آسان)

71)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) میں پہلے n ارکان کا حاصل جمع 210 اور پہلے (n-1) کا حاصل جمع 171 ہے۔ اگر تصاعد کا پہلا رکن 3 ہو تو حسابی تصاعد اور 20 واں رکن دریافت کیجئے۔ (اوسط April 2024)

72)۔ n ۔ضلعوں والے کثیر الاضلاع کے داخلی زاویوں کا حاصل جمع $(n-2)x180^0$ ہے اگر ایک مخمس (pentagon) کے داخلی

زاویئے حسابی تصاعد (AP) میں ہیں اور اس کا سب سے چھوٹا زاویہ 72 ہے تو مخمس کے تمام داخلی زاویئے معلوم کیجئے ۔(اوسط April 2024)

73)۔ ایک شخص کسی دوکان پر پیر سے ہفتہ تک کام کرتا ہے ۔اس کی ہر دن کی آمدنی حسابی تصاعد (AP) میں ہے ۔اگر پیر سے چہارشنبہ (بدھ) تک کی کل آمدنی 525 روپیئے اور جمعہ کی آمدنی اس کی پیر کی آمدنی سے 100 روپیئے زیادہ ہو تو اس کی ہر دن کی آمدنی معلوم کیجئے ۔(اوسط August 2024)

74)۔ایک چار ضلعی (ذوار بعۃ الاضلاع) کے زاویئے حسابی تصاعد (AP) میں ہیں اگر مقابل زاویوں کی جوڑی کا حاصل جمع 130^0 ہو تو چار ضلعی کے تمام زاویئے معلوم کیجئے (اوسط)

75)۔ 16 ارکان پر مشتمل ایک حسابی تصاعد (AP) ہے ۔جس کا حاصل جمع 768 ہے اگر تصاعد کا آخری رکن 93 ہے تو حسابی تصاعد معلوم کیجئے ۔اس کے علاوہ فارمولہ (ضابطہ) کی مدد سے ثابت کیجئے کہ اس تصاعد کے تمام ارکان کا حاصل جمع اس کے پہلے 16 طاق فطری اعداد کے حاصل جمع کے 3 گنا کے برابر ہے ۔(اوسط March 2025)

76)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) میں 7 واں رکن اس کے دوسرے رکن کا 5 گنا اور 5 واں رکن تیسرے رکن کے دوگنا سے 1 کم ہو تو حسابی تصاعد اور اس تصاعد کا 15 واں رکن معلوم کیجئے ۔(اوسط May 2025)

77)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) کے 11 ویں اور 8 ویں رکن کی نسبت 3:2 ہے ۔ابتدائی 5 ارکان کے حاصل جمع اور ابتدائی 21 ارکان کے حاصل جمع کی نسبت دریافت کیجئے ۔۔(مشکل)

78)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) کا 7 واں رکن اس کے دوسرے رکن کا 4 گنا اور 12 واں رکن اس کے چوتھے رکن کے 3 گنا سے 2 زیادہ ہے ۔تصاعد لکھئے ۔(مشکل)

79)۔ حسابی تصاعد (AP) کا p واں رکن q اور q واں رکن p ثابت کیجئے کہ r واں رکن (p + q - r) ہوتا ہے ۔(اوسط)

80)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) کے پانچ ارکان کا حاصل جمع 55 ہے ۔اس کے تصاعد کا چوتھا رکن ابتدائی دو ارکان کے حاصل جمع سے 5 زیادہ ہے ۔حسابی تصاعد کے ارکان لکھئے .(اوسط April 2020)

81)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) کا چھٹا رکن اس کے تیسرے رکن کے دوگنا سے ایک زیادہ ہے چوتھے اور پانچویں رکن کا حاصل جمع دوسرے رکن کا پانچ گنا ہے ۔حسابی تصاعد کا 10 واں رکن معلوم کیجئے (اوسط April 2020)

VI۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے

82)۔ اگر حسابی تصاعد (AP) کے پہلے n ارکان کا حاصل جمع $5n - n^2$ ہو تو حسابی تصاعد کا 21 واں رکن معلوم کیجئے ۔اس کے علاوہ تصاعد

کے پہلے 21 ارکان کا حاصل جمع دریافت کیجئے۔(اوسط)

83)۔ دو مختلف حسابی تصاعد (AP) کا مشترک فرق مساوی ہے۔ پہلے حسابی تصاعد کا پہلا رکن دوسرے حسابی تصاعد کے پہلے رکن سے 3 زیادہ ہے۔اگر پہلے حسابی تصاعد کا 7 واں رکن 28 اور دوسرے حسابی تصاعد کا 8 واں رکن 29 ہو تو دونوں حسابی تصاعد معلوم کیجئے۔(مشکل)

84)۔ ایک حسابی تصاعد (AP) میں 30 ارکان ہیں۔تصاعد کا 17 واں رکن پانچویں رکن کے تین گنا سے 4 زیادہ ہے۔اگر 10 واں رکن 31 ہے تو تصاعد کے آخری تین ارکان معلوم کیجئے اور حسابی تصاعد بھی لکھئے۔(اوسط June 2024)

آموزشی نکات

اکائی 6 : مثلثات

- ☆ مشابہ اشکال
- ☆ مثلثات کی مشابہت
- ☆ تھیلیس کا مسئلہ (بنیادی متناسبت کا مسئلہ)
- ☆ تھیلیس کے مسئلہ کا معکوس
- ☆ مثلثات کی مشابہت کے اصول موضوعات

AAA (زا۔ زا۔ زا)، SAS (ضل، زا، ضل)، SSS (ضل،ضل،ضل)

- ☆ مسائل اثباتی پر مشتمل مسائل

جملہ سوالات	آسان	اوسط	مشکل
55	18	30	7

I۔ مندرجہ ذیل میں ہر سوال/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کیلئے چار متبادلات دیئے گئے ہیں۔ موزوں ترین متبادل کا انتخاب کیجئے اور (انگریزی) حروف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھئے (1 Mark)

1) ذیل میں اشکال جو ہمیشہ مشابہ ہوتی ہیں (آسان March 2025)

(A)۔ کوئی دو مساوی ضلعی مثلث
(B)۔ مربع اور مستطیل
(C)۔ مربع اور معین
(D)۔ کوئی دو منحرف

2) مثلثات کی کونسی جوڑیاں ہمیشہ مشابہ ہوتی ہیں؟ (اوسط MQP 2022)

(A)۔ دو مساوی الساقین مثلثات
(B)۔ دو مختلف الاضلاع مثلثات
(C)۔ دو مساوی الاضلاع مثلثات
(D)۔ دو قائمۃ الزاویہ مثلثات


3) ΔABC میں $AB \parallel DE$ ہے اگر $CD = 3cm$، $EC = 4cm$، $BE = 6cm$ ہو تو DA مساوی ہے۔ (اوسط)

(A)۔ 7.5cm (B)۔ 3cm (C)۔ 4.5cm (D)۔ 6cm

4) ΔABC میں D اور E ضلعے AB اور AC پر دو نقاط ہیں

اگر $AB \parallel DE$، $AD = 2cm$، $BD = 3cm$ اور $BC = 7.5cm$

ہو تو DE کی لمبائی ہوگی۔ (اوسط)




(A)۔ 2.5cm　(B)۔3cm　(C)۔ 5cm　(D)۔ 6cm

5) Δ ABC اور Δ DEF مشابہ ہیں۔ اگر $\frac{AB}{DE}=\frac{BC}{FD}$ ہوتو ذیل میں صحیح تعلق ہے۔ (اوسط)

(A)۔ $\angle B = \angle E$　(B)۔ $\angle A = \angle D$

(C)۔ $\angle B = \angle D$　(D)۔ $\angle A = \angle F$

6) دی گئی شکل میں x کی قدر ہے۔ (اوسط)



(A)۔ 4cm　(B)۔5cm

(C)۔ 6cm　(D)۔ 8cm

7) Δ ABC میں DE || BC ہے اگر AD = x، BD = x - 2، AE = x + 2 اور EC = x - 1 ہوتو x کی قدر ہے (اوسط)

(A)۔ 3cm　(B)۔4cm　(C)۔ 5cm　(D)۔ 3.5cm


8) Δ DEF کو Δ ABC اس طرح مشابہ ہے کہ 2AB = DE اور BC = 8cm ہوتو EF کی لمبائی (اوسط)

(A)۔ 12 cm　(B)۔ 4 cm　(C)۔ 16 cm　(D)۔ 8 cm

9) Δ ABC میں اگر $AE = \frac{1}{4} AC$ ہے، AB = 6cm اور DE||BC ہوتو AD کی لمبائی (اوسط)

(A)۔ 2cm　(B)۔1.2cm　(C)۔ 1.5cm　(D)۔ 4cm

10) دی گئی شکل میں اگر DE||AC ہوتو صحیح تعلق ہے (اوسط)




(A)۔ $X = \frac{a+b}{ay}$　(B)۔ $y = \frac{ax}{a+b}$

(C)۔ $y = \frac{ay}{a+b}$　(D)۔ $\frac{x}{y} = \frac{a}{b}$

11) Δ DEF $\sim$ Δ ABC ہے۔ اگر AB = 4cm، BC = 3.5cm، CA = 2.5 cm اور DF = 7.5cm ہوتو Δ DEF کا احاطہ

(A)۔ 10cm　(B)۔14cm　(C)۔ 30cm　(D)۔ 25cm




12) دی گئی شکل میں اگر $\Delta APQ \sim \Delta ACB$ ، AB = 6cm ، BC = 8cm، اور PQ = 4cm ہوتو AQ کی لمبائی ہے۔

(A)۔ 2cm (B)۔2.5cm

(C)۔ 3cm (D)۔ 3.5cm

(اوسط)



13) دی گئی شکل میں x کی قدر

(A)۔ 4cm (B)۔5cm

(C)۔ 8cm (D)۔ 3cm

14) ΔLMN میں $\angle L = 50^0$ ، $\angle N = 60^0$ ، اگر $\Delta LMN \approx \Delta PQR$ ہوتو Q کی پیمائش ہے۔


(A)۔ 50^0 (B)۔ 70^0 (C)۔ 60^0 (D)۔ 40^0

15) D اور E بالترتیب Δ ABC کے اضلاع AB اور AC کے وسطی نقاط ہے۔اگر BC = 6cm اور DE||AB ہوتو DE کی لمبائی ہے۔


(A)۔ 12cm (B)۔3cm (C)۔ 5cm (D)۔ 6cm

